www.KitaboSunnat.com

جامعہ لاہور الاسلامیہ (رحمانیہ) کا اعزاز

جامعہ ہذا جو لاہور میں اپنے متعدد تعلیمی اور تحقیقی پروگراموں کے ذریعے نہ صرف علمائے دین کی تیاری کے لئے سرگرم عمل ہے، بلکہ عصری یونیورسٹیوں کے فاضلین کے لیے علوم شریعت کی تعلیم و تربیت کا فریضہ بھی انجام دے رہا ہے۔ اس وقت مدرسہ رحمانیہ، کلیۃ الشریعۃ اور معہد عالی (شریعت و قضاء) وغیرہ جامعہ کے مشہور تعلیمی شعبے ہیں، جن میں دینی علم و حکمت کے علاوہ ایم اے تک تعلیم کا انتظام ہے عموماً پہلی شفٹ علوم دینیہ و عربیہ کے لئے مخصوص ہے تو دوسری شفٹ عصری علوم کے لئے۔

جامعہ کے نظام تعلیم کا امتیازی پہلو یہ بھی ہے کہ وہ پاکستان کے دینی مناہج کو عالم اسلامی و عربی سے ہم آہنگ کرتا ہے۔ اسی بنا پر الحمد للہ جامعہ سے فراغت حاصل کرنے والے طلباء کو بیرونی یونیورسٹیاں بڑی اہمیت دیتی ہیں۔ اور اس وقت بیسیوں طلباء ان یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم ہیں۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ جامعہ کے توسط سے سکالرشپ حاصل کرنے والے دو طالب علموں نے امسال اپنی اپنی یونیورسٹیوں میں نہایت اعلیٰ امتیازی پوزیشن حاصل کی ہے جو ہمارے لیے قابل فخر ہے تو پاکستان کے لئے نیک نامی کا باعث بھی۔

جامعہ کے لائق فرزند قاری محمد انور جو امسال جامعۃ الامام محمد بن سعود الاسلامیہ کے شریعہ فیکلٹی میں چار سالہ کورس سے فارغ ہوئے انھوں نے پہلی پوزیشن حاصل کی تو حافظ محمد اسحٰق فیصل آبادی نے اسلامی یونیورسٹی مدینہ منورہ کی حدیث فیکلٹی کے تیسرے سال میں نہ صرف اوّل پوزیشن حاصل کی بلکہ ۱۰۰ فیصد نمبر حاصل کر کے ایک نیا ریکارڈ قائم کیا ہے۔ واضح رہے کہ حافظ محمد اسحٰق اب تک ان شاء اللہ امتیازی پوزیشن حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ ہر سال اپنی کلاس میں فرسٹ پوزیشن میں کامیابی حاصل کرتے چلے آ رہے ہیں۔ گزشتہ سال مدیر جامعہ ہذا حافظ عبدالرحمٰن مدنی صاحب نے حافظ محمد اسحٰق صاحب کو ایسی ہی کامیابی پر مدینہ منورہ میں اُن کی خواہش کے مطابق اعلیٰ علمی انعام بھی دیا تھا۔

تحدیث نعمت کے طور پر چند سطور سپرد قلم ہیں۔ اللہ تعالیٰ نظر بد سے بچائے۔ (آمین)

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ